مریض کا انتخاب

اپنا ہسپتال منتخب کرنا

اگر آپ کی GP آپ کو کسی اسپیشلسٹ کی جانب ریفر کرے، تو آپ کے پاس عام طور پر یہ حق ہوتا ہے کہ آپ اس ہسپتال کا انتخاب کریں جہاں آپ جانا چاہتے ہیں۔

اگر آپ چاہیں تو آپ اپنے علاقے - یا کسی دور پار کے علاقے میں ایک ہسپتال کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ آپ کسی خودمختار ہسپتال کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں، بشرطیکہ یہ NHS کے لیے خدمات فراہم کرتا ہو۔

آپ کے پاس اپنے ہسپتال کو منتخب کرنے کا حق ہے، تاہم اگر آپ ترجیح دیں تو آپ فیصلہ کرنے میں اپنے GP سے مدد طلب کر سکتے ہیں۔

انتخاب کے فائدے

اپنی نگہداشت کے لیے کہاں جایا جائے اس کا انتخاب کرنے سے آپ کو اپنی صحت اور نگہداشت کے لیے اہم چیزوں کی بنیاد پر فیصلے کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ان میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- **انتظاری اوقات** - آپ اپنے علاقے سے باہر کسی ہسپتال کا انتخاب کر سکتے ہیں اگر وہ آپ کا جلد معائنہ کر سکتے ہوں۔
- **سہولت** - آپ جس جگہ مقیم ہیں یا جہاں کام کرتے ہیں اس سے قریب ہسپتال منتخب کر سکتے ہیں، اس سے اپائنٹمنٹ میں شرکت کرنے میں آسانی رہے گی۔
- **خاندان یا دوستوں کے قریب** - آپ اپنے خاندان یا دوستوں کے گھر کے قریب ہسپتال منتخب کر سکتے ہیں، تاکہ وہ آپ کو علاج معالجے اور بحالی کی مدت کے دوران معاونت دے سکیں۔
- **سفارشات** - آپ معیار کی درجہ بندیوں، تبصروں، ذاتی تجربے یا سفارشات کی بنیاد پر ہسپتال کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

مریض کا انتخاب کیسے کام کرتا ہے

مرحلہ 1:

آپ کو صحت کا خدشہ لاحق ہے اور اپنی GP کو وزٹ کرتے ہیں، جو آپ کو اسپیشلسٹ سے معائنہ کروانے کی تجویز دیتا ہے۔ آپ کا GP آپ اور آپ کی کیفیات کے لیے موزوں سروسز تلاش کرتا ہے۔

مرحلہ 2:

آپ کی GP پریکٹس آپ کی کیفیت اور آپ کے لیے کیا اہم ہے، اس کی بنیاد پر موزوں فراہم کاروں کی مختصر فہرست مہیا کرنے میں مدد دے گی۔ اگر آپ پہلے سے جانتے ہیں کہ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں، تو آپ کی GP پریکٹس کی جانب سے آپ کو فوراً ریفر کیا جائے گا۔ فیصلہ کرنے کے لیے مزید وقت درکار ہونے کی صورت میں، آپ کی GP پریکٹس ویب سائٹ کے لنک پر مبنی خط ارسال کرے گی، ای میل یا ٹیکسٹ بھیجے گی، جہاں آپ بعدازاں انتخاب اور تصدیق کر سکتے ہیں۔

مرحلہ 3:

- اگر آپ کے پاس اپنی GP پریکٹس کی جانب سے لنک موجود ہے، تو آپ اپنا انتخاب آن لائن کر سکتے ہٰیں
- یا آپ NHS ایپ کا استعمال کرتے ہوئے منتخب کر سکتے ہیں یا آپ **نیشنل ریفرل ہیلپ لائن کو 0345 608 8888 پر** کال کر سکتے ہیں۔

مرحلہ 4:

اگر آپ کے منتخب کردہ ہسپتال کے ساتھ اپائنٹمنٹ آن لائن دستیاب نہیں ہے، تو جب بھی کوئی اپائنٹمنٹ دستیاب ہوئی، آپ کا منتخب کردہ ہسپتال اپائنٹمنٹ کی تاریخ اور وقت کے ساتھ رابطہ کرے گا۔

ہسپتال کا انتخاب کرتے وقت، یہ بات یاد رکھنا انتہائی اہم ہے کہ آپ کو متعدد اپائنٹمنٹس میں شرکت کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

مزید معلومات کہاں سے حاصل کی جائیں

مریض کے انتخاب کے بارے میں مزید جاننے کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا وزٹ کریں: **www.nhs.uk/patientchoice**

آپ انگلینڈ کے ہسپتالوں کا، انتظاری اوقات اور کیئر کوالٹی کمیشن کی درجہ بندیوں کے لحاظ سے **www.myplannedcare.nhs.uk** پر موازنہ کر سکتے ہیں اس ویب سائٹ میں NHS فراہم کاروں اور شعبہ صحت کی خودمختار تنظیموں کے بارے میں معلومات شامل ہٰیں جن کی جانب سے NHS کو خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔

انٹرنیٹ تک رسائی نہ ہونے کی صورت میں، اپنا ہسپتال منتخب کرنے اور اس کی تصدیق کرنے کے سلسلے میں مدد کے لیے آپ قومی ریفرل ہیلپ لائن کو **0345 608 8888** پر کال کر سکتے ہیں۔